# محکمہ جیل خانہ جات پنجاب

## E-Tender Notice (CB-03-2024-25)

صوبہ پنجاب کی جیلوں کے لئے گندم (FAQ) کوالٹی (جو گرد و غبار اور بیرونی عوامل سے پاک) بابت مالی سال 25-2024 جس کی تفصیل ذیل جدول میں درج ہے کی فراہمی کے لئے جیل گیٹ پہنچ کی بنیاد پر ای-ٹینڈر مطلوب ہیں۔ وہ بڈرز جو EPADS / PPRA پنجاب میں رجسٹرڈ ہونگے وہ ہی ٹینڈر میں حصہ لے سکتے ہیں متذکرہ آئٹم کی (specifications) تصریحات ٹینڈر فارم کے ہمراہ منسلک ہیں۔ وہ بڈرز / ٹھیکیداران / ملزمالکان / فرمز / کمپنیاں، ہول سیل ڈیلرز، سپلائرز جو EPADS میں رجسٹرڈ نہ ہیں وہ اپنی مطلوبہ معلومات کے ساتھ ویب سائٹ EPADS(https://eprocure.gov.pk) پر اپنی فرم رجسٹر ڈ کر سکتے ہیں۔ ای ٹینڈرنگ / EPADS(https://eprocure.gov.pk) پر رجسٹریشن کے بعد جو اہل ہونگے وہ بڈرز (bidders) ای پروکیورمنٹ (e-procurement) میں حصہ لے سکتے ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے بڈرز / ملزمالکان / ٹھیکیداران / فرمز E-PADS اور PPRA کی ویب سائٹ کے ذریعے ٹینڈر کی اشاعت کا نوٹس حاصل کر سکتے ہیں

| نام اشیاء | لاہور ریجن | فیصل آباد ریجن | سرگودھا ریجن | راولپنڈی ریجن | ساہیوال ریجن | ملتان ریجن | ڈی جی خان ریجن | بہاولپور ریجن | کل مقدار (کلوگرام) | کل تخمینہ لاگت | کل زر شمولیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم (FAQ) کوالٹی | 5320000 | 1831000 | 1105000 | 2779000 | 951000 | 1190000 | 659000 | 860000 | 14695000 | ----- | ----- |
| اوسط تخمینہ لاگت | 351120000 | 120846000 | 72930000 | 183414000 | 62766000 | 78540000 | 43494000 | 56760000 | ----- | 969870000 | ----- |
| زر شمولیت 02% | 7022400 | 2416920 | 1458600 | 3668280 | 1255320 | 1570800 | 869880 | 1135200 | ----- | ----- | 19397400 |

نوٹ:- مذکورہ درج بالا مقدار ایک اندازہ کے مطابق لگی گئی ہے اس میں بیشی بمطابق پیپرا رولز ہو سکتی ہے۔

## شرائط:

1 متذکرہ آئٹم کی e-bid پیپرا رول (a) (2) 38 بذریعہ online E-Procurement Process وصول کی جائیں گی

2 تمام بڈرز اپنی e-bid مورخہ 15.10.2024 کو PPRA ویب سائٹ / E-PADS (https://eprocure.gov.pk) کے ذریعے بوقت 11:00 بجے دن تک آن لائن جمع کرواسکیں گے اور ٹیکنیکل بڈز اسی دن بوقت 11:30 بجے آن لائن کھولی جائے گی۔

3 ٹینڈر دہندگان گندم کے نرخ ریجن وائز یا جیل وائز یا تمام پنجاب کی بنیاد پر بھی دے سکتے ہیں (پنجاب کی تمام جیلوں کی لسٹ بڈنگ ڈاکومنٹس میں درج ہے)

4 ای ٹینڈرنگ / EPADS پر حصہ لینے والے تمام بڈرز / ٹھیکیداران ٪02 اصل CDR (original) بنام انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور جس کی تفصیل اوپر درج ہے اور متذکرہ آئٹم کے 04 عدد سیل شدہ سیمپل (بمطابق تصریحات بڈنگ ڈاکومنٹس) دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات لاہور میں متذکرہ بالا تاریخ و وقت ختم ہونے سے پہلے جمع کروانا ہو گی۔ دستاویزات مکمل نہ ہونے کی صورت میں ٹینڈر دہندہ کو ٹیکنیکل بنیاد پر Disqualify کر دیا جائے گا

5 بوقت سپلائی ہر قسم کے لیبارٹری ٹیسٹ کے اخراجات و فیس ٹینڈر دہندگان کو ادا کرنے ہونگے نیز سپلائی بعد از معائنہ محکمانہ کمیٹی اور تسلی بخش رپورٹ لیبارٹری وغیرہ دینی ہو گی۔ مذکورہ آئٹم کی فراہمی جس کی شرح و تفصیل اوپر درج کی گئی ہے پنجاب خالص خوراک کے مجوزہ قوانین ضوابط کے عین مطابق ہونی چاہیے۔ وہ فرمز / برانڈ جسکو پنجاب فوڈ اتھارٹی یا کسی بھی سرکاری ادارے نے Blacklist کیا ہے وہ ٹینڈر میں حصہ نہیں لے سکتے۔

6 ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں متعلقہ فرم کو منظوری کے بعد سات (07) یوم کے اندر اندر معاہدہ کرنا ہو گا۔ گندم (FAQ) کوالٹی کی سپلائی ماہانہ، سہ ماہی، ششماہی یا سالانہ بنیادوں پر متعلقہ جیل کی ضروریات کے مطابق بعد از انسپکشن اور تسلی بخش رپورٹ کے بعد لی جاسکتی ہے۔ انسپکشن میں ناکامی کی صورت میں آفر منسوخ کر دی جائے گی اور زر شمولیت ضبط کر لی جائے گی۔

7 وہ ٹینڈر جو مندرجہ بالا شرائط پوری نہ کرتے ہونگے مسترد کر دیے جائیں گے۔ نیز انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات کو اختیار ہو گا کہ وہ سرکاری مفاد میں بمطابق پیپرا رولز کسی بھی شرط میں تبدیلی کے مجاز ہونگے۔

8 گورنمنٹ آف پنجاب کی پالیسی کے مطابق محکمہ ہذا کا گندم کا کوٹہ مقرر ہو گیا ہے اس بابت محکمہ ہذا اور گورنمنٹ آف پنجاب فوڈ ڈیپارٹمنٹ کے مابین معاہدے (MOU) طے پا چکا ہے اور اگر ٹھیکہ کی مدت کے دوران محکمہ ہذا کو گندم کی سپلائی شروع ہو جاتی ہے تو اس صورت میں محکمہ ہذا فریق دوئم سے گندم لینے کا پابند نہیں ہو گا اور فریق دوئم کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہو گا اور اس اقدام کو فریق دوئم کی جانب سے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

9 گندم کی سپلائی پلاسٹک توڑے 50 کلوگرام میں لی جائے گی تاہم صافی وزن میں توڑے کا وزن شامل نہ ہو گا۔ پلاسٹک توڑے (باردانہ) پر متعلقہ فرم کا مونوگرام / مارکہ نصب ہو گا تاہم خالی پلاسٹک توڑے (باردانہ) ناقابل واپسی ہونگے۔

10 ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار / فرم کو پیپرا رول 56 کے تحت ٹھیکہ مالیت کے 02% کے مساوی Performance Guarantee بصورت CDR جمع کروانا لازمی ہو گا۔

11 مذکورہ آئٹم کا نرخ بشمول تمام مروجہ ٹیکسز بمعہ جیل گیٹ پہنچ تمام آمدہ سفری اخراجات ہو گا۔ نیز سٹیمپ ڈیوٹی اور لیبارٹری ٹیسٹ پر آمدہ خرچ کی تمام تر ذمہ داری بذمہ ٹینڈر دہندگان ہو گی۔

12 Bidding Documents میں متذکرہ آئٹم کی مکمل تصریحات (Specifications) مقدار، زر شمولیت اور دیگر ضروری دستاویزات (documents) و دیگر شرائط PPRA کی ویب سائٹ (www.ppra.punjab.gov.pk) E-PADS, (https://eprocure.gov.pk) اور محکمہ جیل خانہ جات کی ویب سائٹ (www.prisons.punjab.gov.pk) پر بھی دیکھی جاسکتی ہیں اور کسی شکایت یا مسئلہ کی صورت میں آئی جی اور ڈی آئی جی (ہیڈکوارٹرز) سے ان نمبروں پر رابطہ کیا جاسکتا ہے:-

1۔ آئی جی جیل خانہ جات پنجاب 66-042-99200465    2۔ ڈی آئی جی (ہیڈکوارٹرز) جیل خانہ جات پنجاب 042-99200473

3۔ وانس ایپ کمپلینٹ نمبر 0326-0923988

4۔ مزید معلومات اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) کے فون نمبر (042-99200498,570-582) پر دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں

(میاں فاروق نذیر)

انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب لاہور

CamScanner